ان الدین عند اللہ الاسلام
تاریخ در صنعت تخرجہ
از عنایات و فضل رب انام
طبع شد روئداد نیک انجام
وجہ بدعات منکرہ گم شد
گشت روشن چوں
اختر اسلام
سنہ ۱۳۳۱ھ
روئداد مدرسہ اسلامیہ
مرتبہ مولوی محمد عبد الرحمان صاحب دام فضلہ
مدرس میونسپل ہائی اسکول کرنول۔ و مصدقہ اراکین مدرسہ اسلامیہ
CHECKED 1995

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لمنزل الکتاب — والشکر لمرسل الخطاب
من علم آدم وصفیها — من علم بالقلم خفیا
من ارسل بالهدی رسولا — سماه محمدا قبولا
من کان معلما محققا — فی مدرسة العلوم حقا
من ارشدنا الی الهدایه — من انقذنا من الغوایه
من شرح عقائد الحقائق — من حل معاقد الدقائق
توضیح اصول دینه تم — تلویح کلامه مسلم
من بث عوارف المعارف — من سر معارف العوارف
من قاضی کل امر دین — کشاف سرائر الیقین
قد اید الرسول قوم — فی الله ولا صاب لوم
هم هاجروا الاتباع دین — هم شاجروا لارتفاع دین
صلوات الهنا علیهم — مادام سلامنا علیهم
کرنول بنصرة المعین — ینبوع معالم الیقین
من مدرسة العلوم دینا — اسلامیة هی یقینا
ما ان وجدها بعون اکبر — سلطاننا احمد مظهر
قد جاد بنفسه وماله — بالفضل حماها ومقاله
من اکبر ناظر العداله — للناظر منظر الجلاله
سلطان ممالک العلوم — برهان مسالک الفهوم
بیناها رص وشید — الله حمی لها وابدا

ہزار ہزار بلکہ بیحد و بے شمار حمد و ثنا ہی کردگار و شکر و سپاس بے قیاس اس مالک الملک خالق الجن والناس کا جس نے محض اپنی رحمت کاملہ و حکمت شاملہ سے

طالبان علم وتشنہ کامان ہدایت کو اپنے بے پایان دریائے علم کے ایک بے
مقدار قطرہ آب سے سیراب کر کے بحر العلوم کا رتبہ بخشا باوجود اس کے بمقتضائے
قُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا زیادت علم کی طلب کا حکم فرمایا اور علم کی وجہ سے اپنے ذی علم
بندون کا درجہ بلند فرمایا جیسا کہ ارشاد فرمایا ہے یرفع اللہ الذین آمنوا
والذین اوتوا العلم درجات ۔ اور تحفہ درود نامحدود نامعدود وصلوات
وسلام معبود رب ودود اس اکرم الخلق واشرف الموجود جلوہ افروز مقام محمود حضرت
احمد مجتبے محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر نازل ہو کہ جس نے انا لکم
مثل الوالد لولدہ سے شفقت پدری کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ طلب العلم
فریضۃ علی کل
مسلم ومسلمۃ وخیرکم من تعلم القرآن وعلمہ ۔ اور اوس رسول
پاک کے تمام اصحاب طیبین واہلبیت طاہرین پر بھی کہ جنہون نے اپنی ساری
عمر عزیز کو بندگان خدا کی تعلیم وتربیت مین صرف کیا اور جملہ تابعین واتباع تابعین
وائمہ مجتہدین وعلمائے عالمین وعرفائے کاملین رضی اللہ عنہم اجمعین پر بھی خدا کی
رحمت کاملہ ہو کہ جنہون نے اشاعت دین واعلائے شان وشوکت اسلامیہ کی
لیے مساعی جمیلہ عمل مین لائے اور عقل سلیم وفہم مستقیم سے قرآن واحادیث کے
دریائے معانی مین غواصی کر کے اسرار ودقایق ولطائف وحقایق ومعارف کے انمول
موتی وبے بہا جواہر سے طالبان حق کے دامن بھر دئے دراصل
بنی اسرائیل کے وہی سچے مصداق ہین کہ جنکے انفاس نفیسہ سے علم وعمل کے برکات
اقطار عالم مین پھیلے اور جنکے اشراقات قلبیہ کی چمک وانوار علیہ کی جھلک سے شرق
سے غرب تک عجم سے عرب تک منور ہوا اس زمانہ پر آشوب مین بھی اگرچہ کہ اہل
اسلام مرکز دوائر مصائب وآلام ہین وہی انفاس متبرکہ کے علمی برکات اور مقبول
دعاؤن کا اثر ہے کہ اب تک دنیا مین علوم عربیہ کی حفاظت کیجا رہی ہے بمزید اہتمام وانتظام
مدارس عربیہ اسلامیہ جاری ہین اکثر شہرون وقصبون مین اہل اسلام اپنی اولاد کی

تعلیم و تربیت کیلئے اردو و فارسی و عربی کے چھوٹے و بڑے مدرسے حسب استطاعت
کھولے ہیں بڑے بڑے شہروں میں شاہی امداد یا ارباب دول کی علو ہمت سے
علمی مدرسوں کا قایم ہونا اسقدر تعجب خیز امر نہیں ہے جسقدر کہ ہمارے اس چھوٹے
سے غریب شہر کرنول میں جو باستثنائی معدودے چند اکثر غربا و فقرا کا مسکن ہے ایک
عالیشان مدرسہ اسلامیہ کا تیس سال سے قایم رہنا بے شک باعث فخر و مباہات
و موجب شکر فضل الہی ہے اسلئے کہ یہہ شہر کرنول صدہا سال مسلمانوں کے تحت حکو
مت رہا ہے اسوقت اگرچہ یہاں علمائے اعلام و مشایخ و سادات عظام و عرفائے
محققین و اولیای کاملین و ارباب دول و اصحاب علم و فضل و عمل رونق افروز
تھے جنکے متبرک مزارات و مقدس آثار و مقامات اب تک موجود ہیں جن سے انکی
جلالت شان کا ثبوت ملتا ہے مگر کوئی ایسا مدرسہ اسلامیہ قایم نہیں کیا گیا۔
تہاجس سے فیضان الہی کے چشمے بہتے اور علمی انوار سے طالبین مستفیض ہوتے یہہ سعادت عظمی و
برکت علیا مدرسہ اسلامیہ کے بانی و ارکین و معاونین کی ہے قسمت میں تہی جو انہوں
نے اپنے مساعی جمیلہ سے مدرسہ اسلامیہ ایجاد کیا اور وقت بوقت دامے درمے
قدمے سخنے مدرسہ کی تائید کر کے معراج عروج پر پہونچایا اور اپنی زندگی ہی میں اسکا
عمدہ ثمرہ اور نیک نتیجہ اپنی آنکھوں سے دیکھہ لیا یعنے اس مدرسے کے تعلیم یافتہ شائستہ
طلبہ علوم و فنون عربیہ کامل طور پر مدت قلیلہ (۷ سال) میں حاصل کرکے بعد
کامیابی امتحان سند التکمیل پاکر بندگان خدا کو علمی فیض پہونچا رہے ہیں جسکا ذکر آیندہ
مرقوم ہوگا یہہ مدرسہ تیس سال سے مسلسل جاری ہے گو کہ اسکا تعلیمی نصاب
حسب ضرورت بدلتا رہا کبھی قرآن شریف و اردو کتب دینیہ کی تعلیم جاری رہی کبھی
سرکاری نصاب کی تعلیم دیگئی کبھی انگریزی تعلیم کا اضافہ کیا گیا اور اب ستر و سالی
سے علوم عربیہ کی تعلیم جاری ہے اس قسم کی بہت سی تبدیلیاں نصاب تعلیمی میں
واقع ہوئیں جنکا مفصل حال آیندہ بیان ہوگا اگرچہ کہ یہہ مدرسہ عرصہ دراز سے
جاری ہے اور اسکے لیے متعدد چندے کیے گئے اور اسکے جمع خرچ کا حساب بھی

عام طور پر اتنک نہین تبلایا گیا تہا اسلیئے یہہ روئداد بغرض اظہار حساب جمع و خرچ مدرسہ شایع کیگئی ہے جس سے مدرسہ کا مالہا و ماعلیہا حساب بخوبی ظاہر ہوگا —

آغاز مدرسہ

کرنول مین جبکہ بے علمی و جہالت کی گہنگور گہٹا چہائی ہوئی تہی اکثر مسلمان اپنے مذہبی امور سے ناواقف تہے بلا امتیاز حلال و حرام و جائز و ناجائز افعال ذمیمہ و اعمال قبیحہ مین منہمک و مستہلک تہے غرضکہ ہر طرح کی طوفان بے تمیزی تہی اور مسلمانون کی مذہبی تعلیم کے لیے کوئی ایسا مدرسہ قایم نہ تہا جس مین عام طور اطفال مسلمین کی تعلیم دیجاتی اگرچہ کہ بعض ذی علم لوگ اپنے اپنے گہرون مین اپنے متعلقین کی تعلیم دیا کرتے تہے مگر چونکہ یہہ تعلیم عام نہ تہی صرف اپنے متعلقین کیلئے مخصوص تہی لہذا ذی ثروت و عالی ہمت مسلمانون کو حب دینی و محبت قومی نے ایک ایسی مدرسہ دینیہ کے ایجاد کرنے پر آمادہ کیا کہ جس مین عام طور پر مذہبی تعلیم دیجائے چنانچہ اسکے لئے دو اجلاس منعقد ہوے —

پہلا اجلاس

بتاریخ ۷ شوال سنہ ۱۳۰۱ ہجری بمکان سردار خان صاحب تربیتاری منعقد ہوا جس مین مولوی محمد زکریا خان صاحب تالمپوری — و انجنیئر محمد قاسم صاحب — و ڈاکٹر محمد عثمان صاحب و منشی عبدالکریم خان صاحب سررشتہ دار و حاجی محمد صاحب و حاجی احمد صاحب و ناظر محمد اکبر صاحب و سنگوئی سلطان صاحب و مدار صاحب بڈوڈواری و سنتا معصوم صاحب و کوڑموری و داؤد صاحب وغیرہم معززین کرنول شریک جلسہ تہے جس مین مدرسہ دینیہ کے ایجاد کی تجویز پیش کیگئی جسکو سب حضرات نے برضا و رغبت قبول کیا اور حسب استطاعت مدرسہ کی تائید و امداد کا وعدہ فرمایا —

دوسرا اجلاس

جبکہ پہلی مجلس مین مدرسہ کی ضرورت تسلیم کیگئی اور اس کی معاونت کا وعدہ

بھی ہوچکا تھا تو یہہ دوسرا اجلاس مدرسہ کی ماہواری چندہ ومکان مدرسہ ومدرسین کے تقرر کیلئے منعقد ہوا جس میں ماہانہ سا ٹھہ روپیہ چندہ کی تجویز مکمل ہوئی اور چار سو روپیہ بطور عطیہ وصول ہوئے اور یہہ تجویز ٹھہری کہ عطیہ مذکورہ سے تجارت کیجائے اور اوسکا نفع مدرسہ میں خرچ کیا جائے اور مکان مدرسہ کیلئے ہسپتال کے قریب بلکورو ڈینکٹ رمیا کی شاپ ماہانہ چار روپیہ کرایہ سے مقرر کیگئی اور مدرسہ کا نام مدرسہ دینیہ رکھا گیا اور حسب ذیل مدرسین وملازمین مقرر کئے گئے

اسمای مدرسین وملازمین	مشاہرہ
صدر مدرس سید مولانا صاحب	۔/۔۔ [illegible]
قاری خواجہ صاحب مددگار اول	۸ ۔۔ ۔۔ ۔/
خطیب محمد انور صاحب مددگار دوم	۷ ۔۔ ۔۔ ۔/
خدمت گار	۵ ۔۔ ۔۔ ۔/
سقا	۔ ۔۔ ۸ ۔۔ ۔/
خاکروب	۔ ۔۔ ۸ ۔۔ ۔/

جملہ اکتیس روپیہ ماہانہ خرچ سے مدرسہ جاری کیا گیا اور مدرسہ کے مہتمم عالیجناب مولوی محمد زکریا خان صاحب عالمپوری مقرر کئے گئے اور نائب مہتمم جناب منشی عبدالکریم خان صاحب سررشتہ دار۔ اور بارہ اصحاب ذیل اراکین مدرسہ مقرر ہوئے۔

جناب محمد قاسم صاحب انجنیر۔ جناب ڈاکٹر محمد عثمان صاحب۔ جناب محمد جعفر صاحب سوداگر رکن وخازن مدرسہ۔ جناب محمد اکبر صاحب ناظر عدالت وحال مہتمم مدرسہ اسلامیہ۔ جناب حاجی محمد صاحب۔ جناب حاجی احمد صاحب جناب حاجی بدرالدین صاحب۔ جناب سنتا معصوم صاحب۔ جناب منگوٹی سلطان صاحب۔ جناب دادیصاحب کورٹ موری۔ جناب مدار

مدار صاحب ہڑورڈوارڈی سے جناب شیخ سید رحمان صاحب سوداگر یہہ مدرسہ ارکین ومعاونین کی مزید توجہ کے باعث تقریباً تین چار سال بہت خوبی وعمدگی سے جاری رہا بعد ازاں معاونین کی بے توجہی کے سبب ماہواری چندہ کم بلکہ کالعدم ہوگیا تو چار دناچار چار سو روپیہ مدرسہ کا عطیہ جس سے تجارت کیجاتی تھی مدرسہ کے ضروریات میں خرچ ہونے لگا چندروز میں عطیہ مذکورہ ختم ہوکر مدرسہ مقروضہ ہونیکی نوبت پہونچی تھی اس اثنا میں محمد اکبر صاحب ناظر اپنے مکان کے قریب ایک مسافرخانہ تعمیر کرنا چاہتے تھے یہ کیفیت سنکر حاجی بدرالدین صاحب سوداگر وحیدر صاحب سوداگر نے محمد اکبر صاحب ممدوح سے کہا کہ اب مدرسہ کمزور ہوگیا ہے حتیٰ کہ مکان مدرسہ کا کرایہ ادا کرنا بھی مدرسہ پر بار ہے اسلئے مناسب ہے کہ بعوض مسافرخانہ مدرسہ ہی تیار کیا جائے ناظر صاحب موصوف نے بہت خوشی خوشی سے اسکو قبول کیا اور اپنے ذاتی خرچ سے مدرسہ تیار کردیا چنانچہ بتاریخ ۳ ماہ نومبر سنہ ۱۸۸۷ء میں مدرسہ کی تعمیر ہوچکی اور مدرسہ اپنے پہلے مقام سے اس جدید تعمیر شدہ مکان میں منتقل ہوا اور زندگیں جاری ہوئی اور بارارکین مذکورین سے ہر شخص ایک ایک ماہ مدرسہ کے اخراجات کا کفیل ہوا یہہ چندروز چلا اور مدرسین کو ماہماہ تنخواہ نہ پہونچنے کے سبب سے بعضوں نے استعفا دیدیا تب امام خان صاحب مدرس مقرر کئے گئے اور مدرسہ رزلٹ اسکول بنایا گیا جس کی وجہ سے مذہبی تعلیم میں حرج ہونے لگا اسلئے مدرسہ پھر سرکاری تعلق سے علیحدہ کرلیا گیا اور محمد اکبر صاحب ناظر اور سنگوڈی سلطان صاحب کی امداد سے سنہ ۱۳۱۳ ہجری تک مدرسہ میں امام خان صاحب قرآن شریف واردو وفارسی دینیات کی تعلیم دینے پر مشاہرہ پانچ روپیہ مامور رہے —

مدرسۂ اسلامیہ عربیہ

اگرچہ کہ مسبوق الذکر مدرسۂ دینیہ سنہ ۱۳۰۲ ہجری میں ایجاد کیا گیا ہے جس میں قرآن

وارد و دینیات کی تعلیم دیجاتی تہی جیسا کہ اوپر مذکور ہوا لیکن اوس میں علوم عربیہ
کی تعلیم کا سلسلہ مولانا مقتدانا مولوی سلطان احمدؒ صاحب راولپنڈوی نے
سنہ ۱۳۱۳ ہجری میں قایم فرمایا ہے جس کا نام مدرسۂ اسلامیہ رکہا گیا پس یہہ
مدرسۂ اسلامیہ عربیہ فاضل راولپنڈوی کا ایجاد کردہ چشمۂ فیض ہے جو تاریخ عالم
میں فاضل ممدوح کی ایک علمی یادگار ہے۔ اسکی ایجاد اسطرح ہوی کہ ہمیشہ سے
جملہ معاونین مدرسۂ دینیہ کو عموماً اور خصوصاً محمدؐ اکبر صاحب ناظر کو مدرسہ کی
ترقی کا شوق تہا جو علما و فضلا کہ تشریف فرمای کرنول ہوتے ان سے اور خاص
کر فاضل راولپنڈوی سے مدرسۂ دینیہ کی ترقی کیلئے گذارش کیجاتی تہی حتیٰ کہ
جب سنہ ۱۳۱۳ ہجری میں علامۂ زمان مولانا سلطان احمد صاحب راولپنڈوی ایدکم اللہ
فیوضہ رونق افزای کرنول ہوے اسوقت تاجر نامدار جناب حاجی احمدؒ
صاحب نے اپنے ہر دو برادر حاجی حبیب میاں صاحب و حاجی قادر میاں
صاحب کے ادای حج بیت اللہ اور بخیر و عافیت اپنے وطن کرنول پہونچنے
کے شکریہ میں تمام اہل کرنول کی ضیافت کا قصد کیا تہا اس موقعہ کو غنیمت
سمجہ کر ناظر محمدؐ اکبر صاحب و دیگر معاونین مدرسے نے مولانا ممدوح الصدر سے
گذارش کی کہ آپ مدرسہ کی تائید کیلئے حاجی احمدؒ صاحب سے اگر فرمائیں تو
امید ہے کہ ضرور وہ مدرسہ کی امداد فرمائینگے پس مولانا ممدوح نے حاجی صاحب
موصوف کو بلا کر فرمایا کہ تمنے اسکی قبل برادر زادہ عبد الکریم کی ضیافت تسمیہ خوانی
میں تخمیناً ہزار دو ہزار روپیہ خرچ کئے اس سے کونسا معتدبہ فائیدہ حاصل
ہوا اور اب جو کل مسلمانان کرنول کی ضیافت کا ارادہ کئے ہو اس سے
زیادہ مناسب یہہ ہے کہ اس مدرسۂ دینیہ میں علوم عربیہ کی تعلیم دینے
کے لئے ایک عالم فاضل جلیل کا تقرر کیا جائے جس سے تمہارے اور دیگر
مسلمانوں کے اطفال علوم عربیۂ دینیہ سے مستفیض ہونگے اور تمکو بہی اسکا
بیحد اجر و ثواب ملیگا مولانا ممدوح کی موثر نصیحت سے حاجی صاحب متاثر

ہو کر مدرسہ کے لئے پانچ سو روپیہ دینے کا اقرار وانق کیا علامہ ممدوح نے ناظر محمد اکبر صاحب کو فرمایا کہ آج ہی چند ربی مقدرت مسلمانوں کو بلا لیجئے تاکہ مدرسہ کیلئے چندہ کیا جائے چنانچہ حسب فرمان علامہ زماں حسب ذیل حضرات جمع کئے گئے اور چندہ بہی کیا گیا۔

اسمائے چندہ دہندگان	تعداد چندہ
حاجی احمد صاحب	۵۰۔۰۔۔
سنگوٹی سلطان صاحب	۱۵۰۔۰۔۔
سنلشا عبد الکریم صاحب	۱۲۵۔۰۔۔
بہنگی محبوب صاحب سوداگر	۱۲۵۔۰۔۔
سوداگر سید رحمان صاحب	۱۲۵۔۰۔۔
مدار صاحب بڑدوڑواڑی	۱۰۰۔۰۔۔
منشی عبد الکریم خان صاحب سررشتہ دار	۲۵۔۰۔۔
محمد اکبر صاحب ناظر	۱۵۵۔۰۔۔
بہنگی دادامیان صاحب سوداگر	۱۵۵۔۰۔۔
یوسف علی صاحب زرگر	۷۵۔۰۔۔
حکیم قاسم صاحب بڈوار ریلچی	۵۰۔۰۔۔

پہلے روز جملہ (۔۔۰۔۵۷۴۱) کی فہرست چندہ لکھی گئی پھر دوسرے روز تیسرے روز اور وقتاً فوقتاً جو کچھ چندہ کیا گیا ہے اسکی تفصیل آیندہ لکھی جاویگی علاوہ اس چندہ کے بذریعۂ غلہ بہی مدرسہ کو امداد جو دیگئی ہے اوسکا حساب بہی آیندہ رقوم ہوگا۔ بذریعۂ غلہ امداد کی یہہ صورت تہی کہ ہر مسلمان کے گہر ایک ایک تہیلیا بہیجی جاتی تہی جس میں ہر روز حسبۃً للہ ایک مشت اناج ڈالدیا جاتا اور ہفتہ واری یا ماہواری اناج وصول کیا جاتا تہا بوجہ گرانی چند ہی روز میں یہہ غلہ کی امداد موقوف ہوگئی جب کہ مدرسہ کا چندہ مکمل ہوگیا تو مولانا سلطان احمد صاحب عم فیضہ مدرسہ کیلئے ایک لائق فائق مدرس عربی وحید الدہر مولانا مولوی محمد عمر صاحب بلہاری سندیافتہ

مدرسہ فیض عام کانپور کو بلہارسی سے اپنے ہمراہ لیکر بتاریخ ۶ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری
رونق افروز کمرنول ہوئے اسی روز سوداگر بھنگی محبوب صاحب کے مکان میں
مولانا سلطان احمد صاحب کا وعظ مقرر ہوا جس میں مولانا ممدوح نے فرمایا کہ مینے مولانا
مولوی محمد عمر صاحب بلہاروی کو بمشاہرہ بیست روپیہ کلدار مدرسۂ اسلامیہ کی صدر
مدرسی پر مامور کیا ہے کل مدرسۂ اسلامیہ عربیہ کا افتاحی جلسہ مقرر ہے میں امید کرتا
ہوں کہ آپ سب حضرات زینت بخش جلسہ ہونگے۔ دوسرے روز مدرسہ میں مولانا
ممدوح کیطرف سے افتتاحی جلسہ کی مسلمانان شہر کو دعوت دیگئی جلسہ بڑی شان شوکت
سے منعقد ہوا پہلے مولانا سلطان احمد صاحب نے فضائل علمیہ بیان کئے پھر مولوی
محمد عمر صاحب نے بھی اپنے موثر بیان سے سامعین کو محضوظ فرمایا اور باتفاق اراکین
صدر مدرسی پر مامور کئے گئے تبرکاً و تیمناً تعلیم عربی کی قرآن شریف سے افتتاح کی
گئی جلسہ بہت حسن خوبی سے انجام پایا دوسرے روز سے عربی و اردو کی تعلیم جاری
ہوی حسب سابق امام خان صاحب ہی مامور رہے بعد ازاں مولانا سلطان احمد
صاحب نے فرمایا کہ مدرسہ کا وصول شدہ چندہ تجارت کیلئے حاجی احمد صاحب سوداگر
کو دیدیا جای اور ہر سال اوسکا حساب دیکھکر اس کے حاصل شدہ نفع سے اور بذریعہ
غلہ جو کچھ آمد ہو گی اس سے مدرسہ کا خرچ چلایا جاوے اور مدرسین و ملازمین کی تنخواہ
بھی حاجی احمد صاحب کے ذریعہ سے پہنچا کرے سب اراکین نے قبول کیا اور
وصول شدہ چندہ۔
(۳۔ ۱۹۸۳) حاجی صاحب موصوف کو تجارت کیلئے دیا گیا۔ بفضل خدا مدرسہ
میں باضابطہ تعلیم جاری ہوی اور مدرسہ کے لئے ایک دستور العمل مرتب ہوا۔

دستور العمل مدرسہ

(۱) مہتمم ایک مدبر تجربہ کار امانت دار خدا ترس ہونا چاہئے جس میں قوت انتظامیہ
کامل اور قابل اطمینان و لائق اعتماد قدر دان علم ہو۔
(۲) مدرسہ کے اراکین وہ لوگ ہونے چاہئیں جو نہایت تجربہ کار علم دوست مدرسہ کے

مخلص خیر خواہ ہوں۔

(۳) بانی و مہتمم مدرسہ کو اختیار ہوگا کہ باتفاق اراکین مدرسہ وقتاً فوقتاً کسی دفعہ یا دفعات آئین مدرسہ کو کلاً یا جزئً ترمیم یا تبدیل یا کسی جدید دفعہ کا اضافہ کرے

(۴) مہتمم کو چاہیے کہ درباب تقرر مدرسین و ملازمین بہت غور و فکر و دوراندیشی سے کام لے اور نہایت لایق مدرسین کا تقرر کرے۔

(۵) امور تنخواہ طلبہ اور مصارف معمولیہ روزمرہ میں مہتمم مجاز ہیں جو مناسب سمجھیں وہ کریں اور اسیطرح جزئی غیر معمولی خرچ بھی اپنی اختیار سے کر سکتے ہیں مگر اخراجات کثیرہ غیر معمولی میں اراکین کا اتفاق ضروری ہے۔

(۶) عزل و نصب و ترقی و تنزل تنخواہ ملازمین کا اختیار مہتمم مدرسہ کو ہوگا۔

(۷) اگر کوئی ملازم مدرسہ خلاف آئین و دستور العمل کریگا وہ قابل بازپرسی و لائق تدارک ہوگا۔

آئین رخصت ملازمین مدرسہ

(۱) ملازمین مدرسہ کو علاوہ تعطیلات مرقومہ مندرجہ بلا وضع تنخواہ صرف دو قسم کی رخصت مل سکیگی۔ اول رخصت اتفاقیہ۔ دوم بوجہ بیماری۔ اتفاقی رخصت سال میں دو ہفتہ ملیگی اور رخصت بیماری بھی بلا وضع تنخواہ دو ہفتہ سے زائد نہ ملیگی۔

(۲) کوئی ملازم رعایتی رخصت میں اتفاقی رخصت سے مستفید نہیں ہو سکیگا۔

(۳) اگر کوئی ملازم بلا حصول رخصت پے در پے ایک ہفتہ غیر حاضر رہیگا تو لائق معزولی سمجھا جائیگا۔

(۴) اگر ضرورت لاحقہ کیوجہ سے کوئی ملازم غیر حاضر ہو تو بشرط ثبوت معذور متصور ہو کر قابل معافی خیال کیا جا سکتا ہے۔

(۵) رخصت ہونیکو چاہیے کہ تحریری درخواست مہتمم کو دیکر جو تحریری جواب مہتمم کے طرف سے ملے اسکی تعمیل کرے۔

(۶) اگر کوئی ملازم ترک تعلق کا خواہاں ہو تو کم از کم ایک ماہ پیشتر مہتمم کو اطلاع دے

ذکر قوانین متعلقہ انتظام مدرسہ و اوقات تدریس و تعطیلات

(۱) وقت درس موسم سرما میں ساڑھے سات بجے سے گیارہ تک پھر ڈہائی سے پانچ گھنٹے تک اور موسم گرما میں ساڑھے چھ سے آٹھ پہر تین گھنٹے سے ساڑھے پانچ تک۔

(۲) جو طالب علم مدرسہ میں داخل ہونا چاہے اس کا امتحان لیکر بعد تحقیق حال و کیفیت درستی چال و چلن مدرسہ میں داخل کیا جاویگا اور اوسکا نام رجسٹر داخلہ میں درج ہوگا او مہتمم یا مدرس اعلیٰ جس جماعت میں داخل کریں اوسکی پابندی ضرور ہوگی

(۳) اگر کوئی طالب علم بلا رخصت ایک ہفتہ مسلسل غیر حاضر رہے گا تو اسکا نام مدرسہ سے خارج کیا جاویگا

(۴) جب کوئی طالب علم بوجہ بیماری یا رخصت غیر حاضر ہو تو کتب مدرسہ جو اسکو عاریتاً پڑہنے کیلئے دیگئی ہیں مہتمم کے حوالہ کردیں پھر جسوقت حاضر مدرسہ ہو اوسکو کتب دیجاوینگی۔

(۵) طلبہ کو بوجہ سخت ضرورت کے رخصت دیجاویگی جسکی مقدار ایک ماہ سے زیادہ نہ ہوگی لیکن ایام مقررہ امتحانات میں سوای مرض شدید کے رخصت نہ ملیگی۔

(۶) امتحان سہ ماہی و ششماہی ہوا کریگا اور سالانہ امتحان شعبان میں ہوگا جس میں کامیاب طلبہ کو انعام اور جماعت کی ترقی دی جاویگی۔

کل مدرسہ کو تعطیل عید الضحیٰ	۵ روز ۹ سے	۱۳ تک
محرم	۱۲ روز غرہ سے	۱۲ تک
ربیع اول	۲ روز ۱۱ سے	۱۲ تک
رجب	۱ روز ۲۷ شب معراج	شریف
شعبان	۲ روز ۱۴ سے	۱۵ تک

رمضان صدر مدرس و مسافرین طلبہ کو کامل ایک ماہ رمضان کی تعطیل دیجاویگی

جبکہ مدرسہ کا دستور العمل مذکور مرتب کیا گیا اور اسکے مطابق مدرسہ کی کارروائی جاری ہوئی تو مولانا سلطان احمد صاحب ولیندر دی محمد اکبر صاحب ناظر عدالت کو اپنا نائب یعنی مدرسہ کا مہتمم مقرر کر کے مراجعت فرمائی رنگون ہوئے بعض مسافر طلبہ جو افتتاح مدرسہ کے قبل ہی کرنول پہونچے ہوئے جنکی ضروریات کے محمد اکبر صاحب مہتمم مدرسہ ہذا کفیل تھے حسب ضابطہ مدرسہ میں داخل کئے گئے پھر بہت سے مقیم و مسافر طلبہ سے مدرسہ آباد ہوا اور بہت خوبی اور عمدگی سے عربی تعلیم ہونے لگی لیکن تحتانی جماعت کی تعلیم کماحقہ انتظام نہ ہونے سے مہتمم صاحب مدرسہ نے باتفاق ارکین مدرس امام خان صاحب کی جگہہ پر استاد محمد اکبر صاحب کو مقرر کیا جس سے تحتانی جماعت کی تعلیم بھی قابل اطمینان ہونے لگی مدرسہ کا امتحان حسب ضابطہ ہوتا رہا اور طلبہ ہر امتحان میں کامیاب ہوتے رہے حتی کہ تقرر مدرسہ عربیہ کے تخمیناً ایک سال بعد بتاریخ ماہ شعبان ۱۳۱۴ ہجری میں بمکان حاجی حید و میان صاحب و حاجی فادو میان صاحب جلسہ امتحان منعقد ہوا جس میں عالیجناب معلی القاب نواب حاجی محمد داؤد خان صاحب بہادر رئیس کرنول دام اقبالہ و دیگر علما و سادات و مشایخ کرام و معززین شہر تشریف فرمائے جلسہ تھے حضرات ذیل ممتحن مقرر کئے گئے۔

مولوی سید عبد الحی عرف سید پیران صاحب بخاری کرنولی مدرس مدرسہ دار العلوم حیدر اباد دکن۔

مولوی سید اسد اللہ عرف اسد میان صاحب کرنولی۔

مولوی حکیم سید موسی میان صاحب کرنولی۔

مولوی نصیب خان صاحب سمیندی کرنولی۔

خدا کے فضل و کرم سے تمام طلبہ نے ممتحنین کے ہر سوال کا جواب شافی ادا کر کے اپنے آپ کو لائق انعام و قابل تحسین بنایا عالیجناب نواب صاحب ممدوح الصدر نے طلبہ کی خوش ادائی جواب و ترقی تعلیم سے خوش ہو کر بہ نظر حمایت دینی و اعانت قومی پچاس روپیہ نقد اور چار کتاب مشکواۃ شریف۔ موطا امام مالک۔

دارھی ۔ جلالین شریف ۔ مدرسہ کو عطا فرمائے اور ماہانہ پانچ روپیہ مدرسہ کے لئے مقرر فرمائے جو اب تک برابر مدرسہ کو وصول ہوتے ہیں اور مولوی اسد میاں صاحب نے بھی چند کتب مدرسہ کو عطا فرمائے جن کے نام آئندہ مرقوم ہونگے ۔ اڈیشنل کورٹ امین سید شمس الدین صاحب نے تین کتاب مشکوٰۃ شریف مندرجہ ذیل تین طلبہ کو انعام دیئے ۔ سید احمد میا صاحب ۔ سید محی الدین صاحب ۔ محمد عبد الرحمان صاحب ۔ خدا کے فضل سے یہہ جلسۂ امتحان نہایت خوبی و عمدگی سے انجام پایا اور اس جلسۂ امتحان کی کیفیت بغرض ترغیب علمی بذریعۂ اشتہار مطبوع مشتہر کیگئی ۔ طلبہ اپنی کامیابی امتحان کا اصلی سبب اپنی جانفشانی سمجھکر تحصیل علم میں بے انتہا سعی و کوشش کرنے لگی اور اس مدرسہ کے مدرس اعلیٰ مولانا مولوی محمد عمر صاحب بلباروی دام فضلہ نے بھی اوقات مدرسہ کے علاوہ اپنا خاص وقت بھی تعلیم طلبہ کے لئے وقف فرمایا اور بمزید توجہ طلبہ کی تعلیم فرمانے لگے جسکا عمدہ نتیجہ یہہ حاصل ہوا کہ صرف سات سال کی تعلیم میں سات طلبہ جنکے نام درج ذیل ہیں فارغ التحصیل ہوئے ہیں کی دستار بندی کا جلسہ ماہ رجب سنہ ۱۳۲۰ ہجری میں بڑی شان و شوکت و زیب و تجمل سے منعقد ہوا جس کی کیفیت آئندہ مرقوم ہے

فارغ التحصیل طلبہ کے نام	وطن	پیشہ
مولوی سید محمد مخدوم حسینی الحسنی المشہور بہ خواجہ پیر صاحب	کرنول	مدرس اعلیٰ مدرسۂ عربیہ محبوب اسلام عالمپور ضلع رائچور
مولوی سید محی الدین صاحب	نلونگل علاقہ میسور	مدرس و امام مسجد اعظم بکر قصابان لشکرگاہ بنگلور
مولوی محمد عبد الرحمان صاحب	کرنول	مدرس اردو و فارسی و عربی میونسپل ہای اسکول کرنول

مولوی محمد عبد الکریم صاحب	کرنول	تجارت
مولوی سید علاؤ الدین عرف غریب پیر شاہ صاحب	کرنول	وعظ و نصیحت
مولوی سید احمد حسینی عرف احمد میان صاحب ہروی محل	کرنول	وعظ و نصیحت
مولوی محمد ابراہیم صاحب	قلات کی علاقہ بمبئی	وعظ و نصیحت

انتظام جلسہ دستار فضیلت

بفضل ایزد متعال جبکہ طلبہ نے اپنی سعی و محنت و جانفشانی سے کامل استعداد علمی حاصل کر کے جملہ کتب متداولہ مدارس عربیہ کی تحصیل سے بہ تمام و کمال فارغ ہو کر اپنے آپ کو سزاوار بندش دستار فضیلت و لائق اعطای سند التکمیل ثابت کیا تو انکے جلسہ دستار بندی کا انتظام کیا گیا باریک تن زیب کی دستاریں خوشنما صندلی رنگ سے رنگوا کر تیار کی گئیں تھیں جنکے ہر دو دامن پر ترنجی نقشوں میں مدرسہ اسلامیہ کرنول کی دستار فضیلت سنہ ۱۳۲۲ ہجری اور متن کے دائروں میں

لا فضل الا لاهل العلم انهم على الهدى لمن استهدى ادلاء

اور حاشیے پر ہلالی دائروں میں مدرسہ اسلامیہ کرنول چھاپا گیا۔ اور سندوں کی تیاری میں بھی بہت اہتمام کیا گیا۔ پاکیزہ مضبوط کاغذ پر خوشنما گل کاری کر کے بہت صفائی سے چھپوائی گئیں۔ عبارت بھی اعلیٰ درجہ کی فصیح و بلیغ لکھی گئی ہے جو بغرض ملاحظہ ناظرین ایک سند کی عبارت معہ دستخط علما درج ذیل ہے چونکہ کل سندوں کی عبارت و تفصیل کتب باستثنای اسمای سند یافتگان ایک ہی ہے لہذا ایک ہی سند کی نقل پر اکتفا کیا گیا۔

سند التکمیل
لمن جدّ فی التحصیل

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله الذی تفرد بملکوت الجمال والجلال ۔ وتوحد بجبروت الکمال
والاجلال ۔ وتقدست ذاته من ان یعزی الیه النقص والاختلال
وتنزهت صفاته من ان ینتمی الیها التغیر والزوال ۔ شموس جلالته
لا تضغی للغروب ایادی قدرته لا یمسها الاعیاء واللغوب ۔ بیدہ
مقالید السماء والغبراء ۔ فیها الخضراء والخضراء ذات النجوم
والفجاج ۔ ومابینهما من الهواء والعجاج ۔ بحر سماحه عجاج ۔ وماء
عطائه ثجاج ۔ اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له شهادة
احکم الایمان سببها ۔ وابرم الاذعان طنبها ۔ وهذب البرهان
منهجها ۔ واعذب الرحمن مشربها فیا للمجد والعلی ۔ وازکی
الصلوة والتعظیم ۔ وانمی التحیة والتسلیم علی منبع علوم الاولین
والآخرین ۔ ومتوج تاج النبوة ۔ ومدثر دثار الرسالة وآدم
علیه السلام بین الماء والطین ۔ وباشارته شق القمر
ولتعظیمه سجد الشجر ۔ وسلم الحجر رحمة للخلق معین علی
نوائب الحق ۔ اعطی الشفاعة الکبری وللآخرة خیر له من الاولی
وعلی آله الکرام ۔ واصحابه العظام ۔ هم کالنجوم فی الظلام
والقنوان بین الاکمام واشهد ان محمدا عبده ورسوله
ارسله والکفر طام عبابه ۔ هام ربابه ۔ فلم یزل صلی الله علیه
وسلم مضطلعا بالابلاغ وقامعا کل باغ حتی تمزق

غسق الکفران وتهلل شمس الایمان صلی اللہ علیہ وسلم ما تنا وحرالصلوٰ
صلوٰۃ نامیۃ فی کل حین وآلہ اما بعد فان معرفۃ اللہ تعالیٰ ھی غایۃ
الفوز بالدرجات العلی ونہایۃ الفلاح بمدارج الاصفیاء منوطۃ بالعلوم الدینیہ
والفنون المصطفیہ قال اللہ تعالیٰ یرفع اللہ الذین آمنوا منکم والذین
اوتوا العلم درجات وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من سلک طریقا یطلب فیہ
علما سلک اللہ بہ طریقا من طرق الجنۃ فطوبی لقوم غاصت فی بحر العلوم
لتحصیل الدرر فبشری لرھط اقتحمت حدیقۃ الفنون لاجتناء الثمر من
الغائصین الفاضل الجلیل العالم النبیل السید محمد محی الدین حسینی
الشہیر بخواجہ پیرا ابن الشہید قادر محی الدین جلس علی غارب الاغتراب
انا لاھوی العلم عن الاتراب وودع الخلان والاخوان ونأی عن المغان والسکن
واستعذب المحن فبعد جوب البراری والطلول القی عصا الرحلۃ فی
المدرسۃ الاسلامیۃ التی بنیت فی الکرنول سلمہا اللہ عن
حوادث الزمان وآفات الظلوم والجہول بناھا التجار الکرام وتحملوا اثقالہا
من اہالی کرنول من الخواص والعوام سیما العالم الذی شہد بفضلہ
العالم والفاضل سلم لہ کل مناضل وسالم لا نظیر لہ فی الاہتمام
ولا ثانی فی الانتظام مرآۃ ذہنہ انطبعت فیہا صور المحاسن وماء
رویتہ جری فی حدائق التدبیر وھو غیر آسن موسس ارکانہا بعدما
اندرست ومشید قواعدھا بعد ما تزلزلت النحریر العلام والحبر القمقام
ناصر السنۃ ماحی البدعۃ الکامل الاوحد حاج الحرمین الشریفین
مولانا سلطان احمد اید فیضہ اللہ الصمد وقد ترک فلان المشار
الیہ لذۃ الماکل والمشارب وحجر النفس عن الھوی وفارق
الاحباب والاقارب وشرد طیب الکری وشمر عن ساق الجد
لتحصیل العلوم واستعد لفض الختام عن ھذا الرحیق المختوم

بتفضل الله غرس هذه الاشجار [illegible] ثمر فقير [illegible] عندي
من العلوم ما يتلى عليك [illegible] الى [illegible]
عالية الى عليا حتى عرج معارج [illegible] مستحق [illegible]
علامة العلماء فقلب عليه تذكار الاحباب والوطن والعهد
الى المسارح المعهودة [illegible] فتعوض خيام الغربة والغيبة
واستجلى [illegible] الاهل والعشيرة [illegible]
[illegible] وطلب مني الاجازة واحسن الظن
بي ولا تجسس [illegible] قال
الله تعالى ولا تجسسوا وقول النبي صلى الله عليه وسلم
اياكم والظن فان الظن اكذب الحديث مع اني لست من
فرسان هذا الميدان ولا ممن له في السباحة يدان ولكن
تحقيقا لظنه ومرغوبه واسعافا لمطلوبه قد اجزته في كل
ما يجوز لي روايته من منقول ومعقول كما اجازني بهما
مشائخي الاعلام ارباب العقول خصوصا زبدة الاعيان نخبة
الازمان عمدة اهل العرفان من بيده مفتاح باب العلم والبيان
وفرايد العلوم لا تكتسب الا من قاموس علمه لا من عقود الجمان
راس العلماء المحققين قدوة الكملاء المدققين حامي الملة
الحنيفية الغراء قامع البدعة المذمومة الظلماء المتخلق
باخلاق ذي المنن حاج الحرمين الشريفين الحافظ مولانا
احمد حسن اسبغ الله عليه نعمه بالطريق الاجمل والا
ادام الله على رؤس المستفيدين ظلاله وابقاه ما تغنت
البلابل على الغصن ولما وجد الاراكين المدرسة حريا ان
يجل ويعظم ويكرم تشريفه بالعمامة وبطاقة

المسند بمشهد العلماء العظام اوا وصيه بتقوى الله ذى المنن فى السر
والعلن وبتجنب الفواحش ماظهر منها وما بطن وفى الظاهر الاقبال على الحسنات
والاعراض عن السيئات والبدعات ولوكانت بصورة الحسنات وفى الباطن
التوجه بقلبه الى الله ولا يلتفت الى ماسواه وان يبذل جهده فى العلوم
بقدر وسعه وان يحب فى الله ويبغض فى الله وان لا ينسانى فى دعوات
خلواته وجلواته والله الموفق لما هو الحق وبيده ازمة الهدى الى ذلك
سلك الله بنا وبه مسلك الاهتداء وجنبنا واياه طريق الدحض والزلل
انه على مايشاء قدير وبعباده لطيف خبير سبحانك لاعلم لنا
الا ماعلمتنا انك انت العليم الحكيم وصلى الله
على سيدنا محمد وآله واصحابه اجمعين وسلام على
المرسلين والحمد لله رب العالمين. قاله بلسانه وحرره ببنانه
الفقير الاحقر الى العزيز الاكبر محمد عمر كان الله له
ولوالديه وتفصيل الكتب المقروءة لدى والمسموعة
بين يدى هذا الصحيح الجامع للبخارى والصحيح الجامع لمسلم
والسنن الاربع ابوداؤد. والترمذى. والنسائى وابن ماجه
ومشكوٰة المصابيح. والدارمى. وتفسير البيضاوى والجلالين
وشرح الوقايه والمجلدات الاربع من الهدايه و
الدر المختار. واصول الشاشى. ونور الانوار. التوضيح والتلويح
مسلم الثبوت نخبة الفكر مختصر المعانى رشيديه سراجى
شرح عقايد نسفى. شرح تهذيب. قطبى مع ميرملا حسن
حمد الله ميرزاهد رساله مع غلام يحيى. قاضى مبارك صدرا
شمس بازغه. شرح هدايت الحكمت للخيرآبادى. شرح
چغمنى سبع شداد. المقالة الاولى للاقليدس. سبعه.

معلقہ۔ حماسہ۔ متنبی۔ مقامات حریری۔ نفحۃ الیمن نفحۃ الادب۔ شرح ملا للجامی۔

دستخط

محمد عبد الکریم صدر مدرس مدرسہ نظامیہ واقع حیدرآباد دکن حاضر شدہ جلسۂ دستاربندی۔

دستخط

غلام رسول عفی عنہ مدراسی ممتحن وشریک جلسۂ دستارفضیلت۔

دستخط

میرزا محمد علی عفی عنہ الباری بنگلوری شریک جلسۂ دستارفضیلت

دستخط

سید زین العابدین حیدرآبادی شریک جلسۂ امتحان و دستاربندی۔

دستخط

ابو المظفر محمد سعید الدین حنفی انصاری سہارنپوری شریک جلسۂ امتحان و دستاربندی

دستخط

محمد یعقوب عفی عنہ مدرس مدرسۂ نظامیہ حیدرآباد ممتحن و شرکت جلسۂ دستاربندی

حافظ غلام محمد حنفی شریک جلسہ امتحان دستاربندی۔

خادم العلما سلطان احمد مہتمم مدرسہ

محمد عمر مدرس مدرسۂ اسلامیہ کرنول عفی عنہ

مہر: مدرسہ ...

جبکہ سنا بیں اور دستار بیں تیار کی گئیں تو صدر مہتمم مدرسۂ اسلامیہ مولانا مولوی سلطان احمد صاحب راولپنڈی کیطرف سے حیدر آباد و مدراس و بنگلور و ویلور وغیرہ شہروں کے علمائے عظام و فضلائے کرام کو شرکت جلسہ دستار فضیلت کی دعوت دیگئی ۔

اسمائے گرامی علمائے مدعوین

مولانا شمس العلما حاج الحرمین الشریفین مولوی غلام رسول صاحب مدراسی

مولانا مولوی محمد عبدالکریم صاحب صدر مدرس مدرسہ نظامیہ حیدر آباد دکن

مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب فارغ التحصیل یافتہ مدرسہ فیض عام کانپور مدرس مدرسہ نظامیہ حیدر آباد

مولانا مولوی ابوالمظفر محمد سعیدالدین صاحب سہارنپوری مدرس مدرسہ نظامیہ حیدر آباد دکن

مولانا مولوی حافظ حکیم سید غلام احمد صاحب لودیہانوی مقیم حیدر آباد دکن

مولانا مولوی محمد شاہ صاحب پنجابی متوطن حیدر آباد دکن

مولانا مولوی حافظ غلام محمد صاحب پنجابی مقیم حیدر آباد دکن امام مکہ مسجد

مولانا مولوی میر یحییٰ صاحب پنجابی وارد حیدر آباد

مولانا مولوی سید زین العابدین صاحب حیدر آبادی

مولانا مولوی میرزا محمد علی صاحب بنگلوری

مولوی سید احمد صاحب بلہاری

یہ سب حضرات نے اپنی بابرکت شرکت سے جلسہ کو زینت بخشی ۔ اور مولانا مولوی عبدالوہاب صاحب مہتمم مدرسہ باقیات صالحات ویلوری بوجہ بیماری تشریف فرمای جلسہ نہ ہوسکے ۔ اور مولانا مولوی شاہ رکن الدین صاحب مہتمم مدرسہ لطیفیہ ویلوری اور مولانا مولوی حافظ احمد حسن صاحب صدر مدرس مدرسہ فیض عام کانپور و مولانا مولوی محمد منصور علی صاحب محدث مرادآبادی صاحب فتح المبین مدرس مدرسہ طبیہ آصفیہ حیدر آباد دکن اور صدرالصدور مولانا مولوی

حافظ محمد انوار اللہ خاں صاحب بہادر استاد بادشاہ دکن ونہتمم وسرپرست مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن دامت برکاتہم نے مقتدایان بوجہ ضرورات لاحضر رونق بخش جلسہ نہ ہوسکے چونکہ تاریخ انعقاد جلسہ بذریعہ اشتہارات مطبوعہ شایع کیگئی تھی لہذا علاوہ ان علما وفضلائے مدعوین کے بہت سے خیرخواہان قوم بنظر محبت قومی وحب دینی اپنے ذاتی خرچ سے سفر کی تکلیف گوارا فرماکر زینت بخش جلسہ ہوئے انعقاد جلسہ کے زمانہ میں کرنول تک ریل جاری نہیں ہوئی تھی اس لئے تشریف فرمایان جلسہ کے لئے ڈرونا چلم اسٹیشن پر کہانے پینے اور سواری کا انتظام کیا گیا تھا۔ علما و دیگر مہمانوں کی اقامت کے لئے جناب حاجی حید ومیاں صاحب وحاجی قادو میاں صاحب کا مکان تجویز کیا گیا تہا جس کے قریب شاہی راستہ پر ایک شاندار کمان نصب کیگئی تھی جس پر طلائی کاغذ کی عبارت ذیل چسپاں کیگئی تھی ۔ " اھلاً وسہلاً "

اور خاص فرودگاہ کی کمان پر **فرودگاہ علمائے کرام واضیاف ذوی الاحترام** لکھا گیا تھا اور شہر کرنول کے ہر چوراہوں وعام گذرگاہوں پر متعدد کمانیں **جلسہ دستار فضیلت** کی نصب کی گئیں تہیں ۔ اور شہر میں دعوتی رقعہ جات واشتہارات تقسیم کئے گئے جن میں اوقات انعقاد جلسہ واشعار مرقومۃ الذیل لکھے گئے تھے

مَن کَانَ مُفتَخِرًا بِالمَالِ وَالنَّسَبِ	وَاِنَّمَا فَخرُنَا بِالعِلمِ وَالاَدَبِ
لَیسَ الجَمَالُ بِاَثوَابٍ تُزَیِّنُھَا	اِنَّ الجَمَالَ جَمَالُ العِلمِ وَالاَدَبِ
اِنَّ الفَتٰی مَن یَّقُولُ ھَا اَنَا ذَا	لَیسَ الفَتٰی مَن یَّقُولُ کَانَ اَبِی

انعقاد جلسہ کے لئے رئیس کرنول عالیجناب نواب حاجی محمد داؤد خانصاحب بہادر دام اقبالہ کا شاہی محل تجویز کیا گیا جس میں تمام مسلمان شوق وذوق سے جوق جوق بلا استیجازت بے روک ٹوک پانچوں اجلاس میں شریک ہوکر بیحد محظوظ ومسرور ہوئے ۔

پہلا اجلاس

۲۰ نومبر ۱۹۱۲ع ۲۳ رجب بعد نماز ظہر منعقد ہوا علما وفارغ التحصیل طلبائے سند یافتگان گاڑیوں میں بیٹھے ہوئے مجمع کثیر کے ساتھ بجد جوش خوشی سے تشریف بخش

جلسہ ہوئے جلسہ کی ابتدا تبرکاً قرآن مجید و قصیدہ نعتیہ سے کیگئی جسکو مولانا سلطان
احمد صاحب کے شاگرد حافظ محمد ابراہیم صاحب و عبدالغفور صاحب نے نہایت خوش
لہجہ سے پڑھا اس کے بعد جماعت کثیرہ کے ساتھ نواب صاحب ممدوح کی مسجد آثار
شریف میں نماز عصر پڑھی گئی پھر فاضل راولپنڈی صدر مہتمم مدرسہ ہذا نے مدرسہ کی
تاریخ ایجاد بیان کر کے فرمایا کہ میں نے صرف بیج بوکر چلا گیا تھا جسکو اہل کراول نے
عموماً اور مہتمم محمد اکبر صاحب نے خصوصاً اپنی مالی امداد و ہر طرح کی سعی جمیل کی
آبیاری سے اوسکو درجہ نشوونما میں لایا خصوصاً مولوی محمد ظہر صاحب صدر مدرس
مدرسہ اسلامیہ نے اپنے فیض تعلیم و تربیت کے آب شیریں سے ایسا پالا اور
پرورش کیا کہ جسکا آج عمدہ ثمرہ حاصل ہوا ہے غرضکہ فاضل راولپنڈی نے ترقی مدر
پر سب سے پہلے خدائے پاک کا شکر ادا کر کے بعد ازاں مہتمم معاونین مدرسہ کے شکریہ
پر اپنا بیان ختم فرمایا دوسرے روز صبح کے آٹھ بجے جلسہ امتحان میں شریک
ہونے کے لئے حاضرین سے استدعا کیگئی جلسہ برخاست ہوا نماز مغرب بھی
اس مسجد آثار میں پڑھی گئی۔

دوسرا اجلاس

۲۳ رجب صبح کے آٹھ بجے علماء طلبہ و جملہ اہل اسلام حسب اطلاع تشریف فرمائی
جلسہ ہوئے سب سے پہلے طلبہ کے امتحان کی تجویز ٹھہری علمائے مندرجہ ذیل
ممتحن مقرر ہوئے۔

مولانا شمس العلماء مولوی حاجی غلام رسول صاحب مدراسی
مولانا مولوی محمد عبدالکریم صاحب صدر مدرس مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن
مولانا ابوالمظفر مولوی محمد سعید الدین صاحب سہارنپوری
مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب مدرس مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن

تفسیر بیضاوی شریف - صحیح بخاری شریف - ہدایہ وغیرہ کتب میں امتحان کیا گیا
ممتحنین کے سوال و طلبہ کے جواب سے فاضل راولپنڈوی نے حاضرین کو مطلع فرمایا
طلبہ کے استقلال و اطمینان سے ہر ہر سوال کے شافی جواب دینے پر مرحبا مرحبا
احسنتم احسنتم و آفرین و تحسین کی صدائیں بلند ہوئیں بعد الفراغ امتحان جناب منشی
احمد سعید صاحب متخلص بہ احمد بہاروی نے بہت المکار کر اشعار تہنیت پڑہے
جس سے سامعین بہت محظوظ ہوئے - پہر مولانا ابوالمظفر مولوی محمد سعید الدین صاحب
نے علم و علماء کے فضائل بیان کئے اور مدرسہ ہذا کے اس تہوڑی سی مدت سات
سال میں اسقدر ترقی کرنے پر اظہار تعجب فرمایا اور مدرسہ و اہل مدرسہ کی دعائے
خیر پر اپنا بیان ختم فرمایا اسکے بعد مولوی عبد الکریم صاحب نے اپنا طبعزاد قصیدہ
مدحیہ پڑہکر تہوڑی دیر تک مدلل علمی تقریر کی چونکہ وقت زیادہ گذر چکا تہا
حضار و طلبہ کے اکل و شرب وغیرہ ضروریات کی رعایت سے جلسہ برخاست کیا گیا
پہر بعد ظہر تقریب بندش دستار فضیلت میں تشریف آوری کی حاضرین سے
درخواست کیگئی -

تیسرا اجلاس

۴ رجب بعد ظہر حسب اطلاع سب علماء و طلباء و جملہ اہل اسلام تشریف فرمائے
جلسہ ہوئے - صدر مہتمم مدرسہ ہذا فاضل راولپنڈی نے ہر ایک فارغ التحصیل
طالب علم کو اپنے پاس کہڑا کرکے انکی مختصر کیفیت بیان کرکے اشاعت علم
و تبلیغ احکام و ہدایت خلائق و اصلاح نفس و اصلاح قوم کے متعلق نہایت
موثر پاک نصیحت فرمائی اور سند التکمیل بدستخط علماء عطا کرکے فرمایا کہ تم نے
تحصیل علم میں جو کچھہ محنت و تکلیف اٹھائی ہے اور تلاش علم میں اپنا وطن

چھوڑا اپنے عزیز و اقارب سے جدا ہے کھانے پینے کی لذتوں کو ترک کیا مدتوں مطالعہ کتب کے لئے شب بیدار ہی کی میٹھی نیند اور خواب راحت کو ترک کیا تمہاری اس محنت و جانفشانی کا صلہ خدائے پاک عطا فرماویگا ہم سے اسکا کوئی عوض ادا نہیں ہو سکتا تم کو یہ کاغذ یعنی سند وجبہ و دستار جو دئے جاتے ہیں یہ مدرسہ کیطرف سے بیقدر و قیمت تحفہ ہے مگر طلبہ کا قاعدہ ہے کہ اپنے اساتذہ کی دی ہوئی بے قیمت چیز کو بھی نہایت عزت کی نگاہوں سے دیکھتے ہیں اور نہایت خوشی مسرت سے قبول کرتے ہیں پس اب تم سے بھی یہی امید کیجاتی ہے اسکے بعد تمام علماء کے مبارک ہاتھوں سے تقریب دستار بندی ادا کیگئی سب تحصیلین سندیافتہ طلبہ نے اپنے استاذ مربیوں و علماء و فضلا سے مصافحہ کیا اور احباب و محبین سے نہایت گرم جوشی و محبت سے معانقہ کیا ہر طرف سے هَنِيئًا لَّكُمْ اور مبارک باشد و باشد مبارک کے نعرے بلند ہوئے اسکے بعد اور ایک روز علماء و فضلا و شعراء کے بیان و مواعظ و اشعار و تقریرات کیلئے جلسہ مقرر کیا گیا تھا سب حاضرین سے تشریف آوری کی استدعا کیگئی جلسہ برخاست ہوا۔

چوتھا اجلاس

۲۵ رجب کو جو صبح ہی سے ابر رحمت گوہر نثاری کیلئے تگ و دو کر رہا تھا علماء و جملہ مومنین حسب اطلاع زیب... افزائی جلسہ ہوئے سب سے پہلے مولانا مولوی حافظ غلام محمدؐ صاحب پنجابی نے مصری لہجہ سے قرآن شریف پڑھکر بہت صاف و شستہ تقریر میں علمی فضائل بیان کئے اور فرمایا کہ مدرسہ اسلامیہ کرنول کی اس مدت قلیلہ میں اسقدر کثیر ترقی لایق

داد و قابل قدردانی ہے اور یہ مدرسہ دینی علوم عربیہ کا مشکوٰۃ الانوار ہے
کہ جسکے لئے سات روشن چراغ عالم سے گمرہی وجہالت کی تاریکی دور
کرنے کیلئے قوی وسائل ہیں یہ سات سند یافتہ علما برج سعادت وہدایت
کے سات ستارے ہیں جن سے سالکان طریق کو مقصود کا پتا ملتا ہے
انکا فیضان علی القیام قیامت تک قائم رہیگا۔ اسکے بعد دعائے خیر پر
اپنا بیان ختم کیا۔ بعدازاں مولوی سید زین العابدین صاحب [illegible]
کھڑے ہوئے اور دردمندانہ طرز سے قوم کا تنزل اور علم کی خوبی اور
جہالت کے مفاسد بیان کئے۔ پھر اسکے بعد مولوی میر یحییٰ دہان صاحب
نے تھوڑی سی تقریر دلپذیر کے بعد ایسی دلاویز لہجے سے چند اشعار پڑھے
کہ جسکو سامعین ہمہ تن گوش ہو کر سن رہے تھے غرضکہ اپنی تقریر و
اشعار سے حضار جلسہ کو حظ وافر بخشا۔ چونکہ اس جلسہ دستار فضیلت میں
پڑھنے کیلئے بہت سے حضرات مضامین لکھلائے ہوئے تھے لہذا ان
شائقین کی تکمیل شوق کے لحاظ سے مدرسہ ہذا کے سند یافتہ علما کے
مضامین واشعار و قصائد عربیہ کا پڑھنا موقوف رکھا گیا جو آئیندہ ہدیہ
ناظرین ہونگے۔ **آمدم برسر مطلب** بعدازاں جناب مولانا شاہ سید
محمد حسینی صاحب عالم پوری نے اپنا دلچسپ مضمون پڑھا جس سے
سامعین بہت مسرور ہوئے۔ پھر جناب سید غوث پیراں صاحب
ساکن جلمڑگہ نے اپنے فارسی اشعار تہنیت پڑھے اور اسکے ساتھ ہی
جناب حاجی بدرالدین صاحب بدر ساکن مدرسہ اسلامیہ کا قصیدہ بھی
پڑھ سنایا۔ اور جناب منشی محمد ہاشم صاحب ساکن قلعہ کرنول اور منشی
قادر خان صاحب حافظ دفتر پیمائش بلہاری۔ اور محمد یاسین صاحب
متوطن تاڑپتری نے بھی اپنے مضمون واشعار پڑھے۔ اسکے

بعد پھر بعد ظہر تشریف لانے کے لئے حاضرین سے استدعا کی گئی جلسہ برخاست ہوا۔

پانچواں اجلاس

حسب اطلاع سب علما وجملہ مسلمانان شہر تشریف بخشی جلسہ ہوئے۔ مولانا ابوالمظفر محمد سعید الدین صاحب سہارنپوری نے آیت ومن یتبع غیر سبیل المومنین نولہ ما تولی ونصلہ جہنم وساءت مصیرا۔ پڑھکر تقلید شخصی کا وجوب ثابت کیا اور زائغان بے توفیق اور غالیان بے تحقیق کو متبعین غیر سبیل المومنین قرار دیا تقریر بہت پرزور تھی اور مدلل اسلئے ذی علم سامعین بہت محظوظ ہوئے۔ اس کے بعد امام المناظرین علامہ زمانہ فہامہ یگانہ فاضل امجد مولانا مقتدانا مولوی سلطان احمد صاحب راولپنڈی صدر مہتمم مدرسہ اسلامیہ کرنول ابد اللہ فیوضہ نے اپنی خداداد طبیعت کے جوہر دکھلاکر ہمدردی قومی ومحبت دینی وتعلیم وتربیت کے فوائد بیان فرماتے ہوئے مدرسہ اسلامیہ کے تفصیلی حالات ومعاونین مدرسہ کا ذکر کیا اور اہل کرنول کی علو ہمت کی تعریف وتحسین کی اور صد صدرس مدرسہ ہذا اور جملہ معاونین مدرسہ کا شکریہ ادا کیا اثنائے تقریر میں ابر کرم نے رحمت کے موتی نثار کئے۔ بوجہ بارش جلسہ محل آثار شریف میں منتقل ہوا فاضل ممدوح نے وہاں دیر تک اپنی پرمغز تقریر سے کل مسلمانان شہر کو مدرسہ کی ترقی کیلئے تاکید فرمائی اوسکے بعد پھر جناب منشی احمد سعید صاحب بلہاروی نے پھر اپنے اشعار سے سامعین کو بیحد خوش کیا۔ بعد ازاں پھر مولانا مولوی حافظ غلام محمد صاحب پنجابی نے قرآن شریف مصری قرأت سے پڑھا پھر مدرسہ کی ترقی کیلئے دعا کیگئی اور جلسہ دستار فضیلت کی آراستگی تکمیل وزینت سے اتمام سے مزین ہوا الحمد للہ علی اتمام ہذہ النعمۃ الجلیلۃ

اب یہاں سے وہ ... تقریرات لکھی جاویں گے کہ جو مدرسہ
وصول ہوتے ہیں اور پہلے تقریرات مدرسہ کو وصول ہی نہیں ہو
انکا قالب تحریر میں آنا ممکن نہیں ۔

تقریر مولانا ابوالخیر والفضل مولوی سید محمد مخدوم حسینی الحسنی اللاابالی
الشہیر بہ سید خواجہ پیر صاحب حسینی صدر مدرس مدرسہ عربیہ محبوب الاسلام
عالم پور ضلع رایچور سند یافتہ مدرسہ اسلامیہ کرنول دام فضلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلشن میں صبا کو جستجو تیری ہے	بلبل کی زباں پہ گفتگو تیری ہے
ہر رنگ میں جلوہ ہے تیری قدرت کا	جس پھول کو سونگھتا ہوں بو تیری ہے

سب سے پہلے سب طرح کی تعریف اوس مالک الملک خالق الارض
والسموات کو سزاوار ہے کہ جس نے محض اپنی قدرت فاضلہ وحکمت
عادلہ سے بلا توسط اسباب وآلات جملہ عالم علوی وعالم سفلی کو
عدم سے شہرستان وجود میں لایا پھر ان میں مادیات وجمادات
جمادات ونباتات وحیوانات وغیرہا متعدد قسم گردانے حیوانات
میں سب سے افضل واکمل واحسن واجمل اس انسان خاکی بنیاد
بنایا لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم جسکے حسن صورت
بیان ہے اور لقد کرمنا بنی آدم جسکی فضیلت کی قوی بیان ہے
عجیب صنعت ہے اس صناع ازلی ونقاش لم یزلی کہ اس نے اپنے قلم
قدرت رقم سے ایسے عدیم المثال نادر ونایاب نقشے کھینچے کہ تماشا بد
نگارخانہ عالم موحیرت ہوکر فتبارک اللہ احسن الخالقین کی

صدائیں بلند کررہے ہیں۔ بیحد شکر و سپاس اس باغبان نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ کا کہ جسنے اپنی بےنظیر قدرت وحسن تربیت وکامل حفاظت ونگہداشت سے گلشن عالم میں ایسے ایسے خوبصورت وخوشرنگ وخوشنما گل کھلائے کہ جنکی دلاویز خوشبو اور بھینی بھینی مہک سے مست ہوکر سیکڑوں بلبل ہزار جان سے قربان ونثار ہوکر سُبْحَانَكَ مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا کی نغمہ سنجیاں کررہی ہیں۔ سبزان چمن دیکھو کہ کیسی سرسبزی وتروتازگی کیساتھ بے انتہا جوش خوشی سے جھوم جھوم کر بفحوائے اَلنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ اپنے باغبان حقیقی کی تعظیم کے لئے سربسجود ہوکر زبان حال سے کہتے ہیں کہ

برگ درختان سبز در نظر ہوشیار ہر ورقے دفتر معرفت کردگار

بیشک ناظران مناظر تحقیق وحقائق بینان مرایائے تدقیق کیلئے یہ کارخانہ ایجاد وتکوین معرفت آلہی کا عمدہ ذریعہ ہے کہ جس سے مصنوعات عالم کیلئے ایک صانع قدیم واجب الوجود کی ضرورت سمجھی جاتی ہے

وَفِي كُلِّ شَيْءٍ لَهُ آيَةٌ تَدُلُّ عَلٰى اَنَّهُ وَاحِدٌ

ہر گیاہے کہ از زمین روید وحدہ لاشریک لہ گوید

مگر چونکہ ہر شخص علی العموم اپنے رسول باطن یعنے عقل وبصیرت سے ذات وصفات آلہیہ کو علی وجہ التفصیل والتکمیل پہچاننا ممکن نہ تھا اسلئے وہ مدرسہ علم وحکمت بالغہ کاملہ کا معلم اول ہادی عزوجل جل جلالہ نے محض اپنی رحمت کاملہ سے بمقتضائے عَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو اسمائے مسمیات وحقائق عالم کا عالم بنایا اور وقتاً فوقتاً خاص خاص افراد کاملین بنی آدم کو زیور تعلیم وتربیت سے آراستہ کرکے خاص خاص گروہ کی تعلیم کے لئے مخصوص ومبعوث فرمایا جنکو لسان شریف میں انبیاء ومرسلین کہتے ہیں ان سب سے آخر مگر سب میں اول سب سے اعلیٰ سب سے افضل جسکے مبعوث فرمانے کیلئے خدا کے خلیل جلیل اور انکے فرزند جمیل حضرت اسمٰعیل علیہما السلام نے نہایت

خلوص دل سے دعا فرمائی تھی کہ ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم
ایٰتک ویعلمھم الکتاب والحکمۃ ویزکیھم انک انت العزیز الحکیم
اور جسکی آمد آمد کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی تھی مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ
يَأْتِيْ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ أَحْمَدُ اور جسکا پاک نام بقول حسان
وَشَقَّ لَهٗ مِنْ اسْمِهٖ لِيُجِلَّهٗ فَذُو الْعَرْشِ مَحْمُوْدٌ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ
خدا کے نام سے مشتق ہے اور جسکا کلمہ توحید میں پڑھنا حصول ایمان کے لئے ضروری
ہیں یہ ہمارے سردار عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بحکم اوتیت علم الاولین
والاخرین اپنے تمام بنی نوع سے زیادہ علم و فضل حاصل کر کے اخلاق حمیدہ شمائل
پسندیدہ کی سارٹیفکیٹ انک لعلی خلق عظیم سے سرفراز ہو کر وما ارسلنک
الا رحمۃ للعالمین کی دستار فضیلت زیب سر کیا ہوا یا ایھا النبی انا
ارسلنک شاھدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ
وسراجا منیرا کی سند التکمیل جس پر رسول اللہ وخاتم النبیین کی
مہر لگی ہوئی ہے اور طرز تعلیم کے متعلق ھو الذی بعث فی الامیین رسولا
منھم یتلوا علیھم ایٰتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ و
ان کانوا من قبل لفی ضلال مبین کی صداقت حاصل کر کے بحکم بعثت الی
الناس کافۃ تمام زمرۂ انام کی تعلیم و تربیت کیلئے ایسے وقت پر اپنے وجود
فائض الجود سے عالم کو فیض بخشا کہ ہر طرف ظلم و جہالت کی گھٹا چھائی ہوئی تھی
طرز تمدن سے بھی کوئی واقف نہ تھا انسانی ہمدردی تام کو نہ تھی انکے چال چلن
سب وحشیانہ تھے۔ خونریزی و فتنہ انگیزی میں بے نظیر زمانہ تھے۔ ذری ذری سی بات
میں جھگڑتے تھے۔ ادنی ادنی کام میں لڑتے تھے۔ توحید و رسالت کو کوئی
جانتا بھی نہ تھا۔ کوئی تثلیث کا قائل کوئی کواکب پرستی میں شامل کوئی لات
ومنات کا شیدا۔ کوئی عزی و نائلہ پر دل و جان سے فدا اپنے ان بدکرداریوں کی
وجہ سے جہنم کے قریب پہنچے ہوئے تھے اللہ پاک نے انکو جہنم سے

بچانے کیلئے اپنے رسول مختار نا بدار لولاک لما خلقت الافلاک
شہسوار عرصہ انا اعطیناک رحمت عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کو
مبعوث فرمایا جیسا کہ ارشاد فرمایا ہے اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ کنتم
اعداء فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا وکنتم علی شفا حفرۃ
من النار فانقذکم منہا پس وہ نبی امی فداہ روحی وابی وامی نے نہایت
رحمت وشفقت ونرمی ودلجوئی ومحبت وخوشخوئی سے توحید کی تعلیم دی بت پرستی
کے عیوب بتلائے شرک وکفر سے انکے دلونکو پھیرا معبودان وآلہہ باطلہ سے
انکا منہ موڑا۔ تمدن کے ابواب سکھلائے۔ ترقی کے اسباب دکھلائے۔
بنی نوع کی ہمدردی ورحمدلی کی تاکید فرمائی کہ ارحموا من فی الارض یرحمکم
من فی السماء تم زمین والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کریگا۔ مسلمانوں میں
بھائیچارہ ودینی اخوت کا رشتہ مقرر فرمایا کہ انما المؤمنون اخوۃ فاصلحوا
بین اخویکم تحقیق کہ مومنین بھائی بھائی ہیں اپنے بھائیوں کے درمیان
صلح کرو۔ اور فرمایا کہ المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضہ بعضا
یعنی ایک مومن دوسرے مومن کیلئے عمارت کے مانند ہے جسکا بعض حصہ
بعض کو مضبوط کرتا ہے پس آپ کی پاک تعلیم کا ایسا کامل اثر ہوا کہ قوم کے سب
ذمائم خوبیوں سے بدل گئے قبائل کی آپسی عداوت دور ہوگئی دینی اخوت
ومحبت وقومی ہمدردی کا ایسا عملدرآمد رہا کہ باوجود خود بھوکے ومحتاج رہنے کے دوسرونپر
ایثار کرتے تھے یؤثرون علی انفسہم ولو کان بہم خصاصۃ غمخواری
وجانثاری کا بقول شیخ سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ ــــ

بنی آدم اعضای یکدیگر اند	کہ در آفرینش ز یک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار	دیگر عضوہا را نماند قرار

آپس میں برتاؤ ہوتا تھا پھر جسقدر اس زمان فیض نشان سے دوری ہوتی
چلی یہ قومی اتفاق ودینی محبت وانسانی ہمدردی میں بھی ضعف پیدا ہونے لگا

ہمارے قوم کی موجودہ حالت مطابق مضمون اشعار ذیل کے کہا جائے تو بجا ہے

بنی آدم اعضائے یکدیگر اند	بہ خلقت اگرچہ زیک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار	دگر عضوہا را بدردش چہ کار

یہ سب خرابی ہمارے سچے قرآن کی پاک تعلیم و نیک احکام کی تعمیل سے غافل رہنے کا سبب ہے۔ ظاہر امر ہے کہ دینی احکام کی تعمیل بغیر تعلیم دینی کے ممکن نہیں۔ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ خدا سے علم والے بندے ڈرتے ہیں کیونکہ بغیر علم دین کے حلال و حرام و جائز و ناجائز و اوامر و نواہی کی پہچان دشوار ہے اسی لئے اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے کہ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ عالم اور بے علم برابر نہیں ہو سکتے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ فَقِيْهٌ وَاحِدٌ اَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ اَلْفِ عَابِدٍ ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابد سے زیادہ بھاری ہے اسلئے کہ عالم علاوہ اپنی اصلاح کے دوسروں کی بھی رہنمائی کرتا ہے اور عابد بے علم دوسروں کی اصلاح تو کجا اپنی اصلاح بھی کماحقہ نہیں کر سکتا بے علمی کی وجہ سے مکائد شیطانی سے اسکا محفوظ رہنا دشوار ہے حضرت سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ

صاحبدلی بمدرسہ آمد ز خانقاہ	بشکست عہد صحبت اہل طریق را
گفتم میان عالم و عابد چہ فرق بود	تا اختیار کردی ازاں این فریق را
گفت او گلیم خویش بدر میبرد ز موج	وین جہد میکند کہ بگیرد غریق را

یعنی ایک عابد اپنے ہم مشرب فقراء کی صحبت ترک کر کے خانقاہ سے مدرسہ میں آیا تو میں نے کہا کہ عابد اور عالم میں کیا فرق تھا جو تو نے عابد کو ترک کر کے علماء کو پسند کیا ہے تو اس نے کہا کہ عابد اپنی اصلاح میں مشغول رہتا ہے وہ تلاطم معصیت سے اپنی کملی سنبھالنے کی فکر کرتا ہے اور عالم دوسرے غریق بحر عصیان کو بچانے کی کوشش کرتا ہے۔ بس بحکم خیر الناس من ینفع الناس عالم عابد سے بہتر ہے ... عالم صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ و سلم نے فرمایا ہے کہ فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم [illegible]

میان عالم و عابد چہ فرق بود تا اختیار کردی ازاں این فریق را

ایسی فضیلت ہے جیسی کہ میری فضیلت تم میں سے ادنی شخص پر۔ امام فہی نے فرمایا ہے العالم اذا سکت فھو کالصندوق واذا نطق فھو کالدر والجاھل اذا سکت فھو کالجدار واذا نطق فھو کالحمار ہے
یعنی عالم جب خاموش رہتا ہے تو وہ موتیوں کے مقفل صندوق کے مانند اور جب کلام کرتا ہے تو اوسکا کلام موتیوں کے مانند ہے۔ اور جاہل جب خاموش رہتا ہے تو وہ دیوار کے مانند ہے اور جب باتیں کرتا ہے تو وہ گدہے کے مثال ہے یعنی بیہودہ بات کرتا ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب کوئی علم کی تلاش میں راستہ چلتا ہے تو فرشتے اوسکی رضامندی کیلئے اپنے پر بچھا دیتے ہیں اور معلم خیر کے لئے پانی کی مچھلیاں تک دعا کرتی ہیں پس مرحبا ہزار مرحبا ان حضرات پر جنھوں نے محض اللہ کے واسطے علم سیکھا اور دوسرونکو بھی سکھلایا اور علم کے مطابق عمل کیا اور بیشمار مرحبا و آفرین وتحسین ان معاونین وحامیان قوم پر جنہوں نے علماء و طلباء کی تعلیم و تعلم میں تائید وامداد فرمائی اور دینی مدرسے قایم کئے علی الخصوص اس زمانہ پر فتنہ وفساد میں کہ مسلمانوں کو دینیات کے طرف رغبت و توجہ بہت ہی کم ہے اور علوم عربیہ دینیہ کی بے اندازہ بیقدری ہے ایسی نازک حالت میں مسلمانوں پر اپنے اسلاف صالحین کی ایجاد کردہ علوم وفنون کی حفاظت وحمایت واجبات سے ہے زہے نصیب مسلمانان کرنول کے کہ جنہوں نے اپنی مساعی جمیلہ سے مدرسہ اسلامیہ عربیہ قایم کیا جسکے فارغ التحصیل طلبا کی بندش دستار فضیلت کا آج بہت ہی عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا ہے بانی مدرسہ اسلامیہ مولانا سلطان احمد صاحب راولپنڈی ادام اللہ فیوضہم اور جملہ معاونین کی سعی جمیل مشکور ہوئی بے انتہا اجر وثواب کے مستحق ہوتے ہے خدائے پاک ان کو باہمی تائید دینی دارین میں خوش وخرم رکھے اور یہ مدرسہ اسلامیہ زمانہ کے آفات ومصائب سے خدا کی حفظ وحمایت میں

وحفوظ دماموں رب سے آمین بحرمۃ النبی و آلہ الطاہرین - ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد -

قصیدہ مدحیہ

از مولوی سید محمد عرف حضرت خواجہ پیر حسینی الحسنی اللّٰہ بالی دام فضلہ

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

	#	
فَتَحْنَا بِاسْمِ فَتَّاحِ الْاَمَالِی	۱	شَکَرْنَا فَضْلَ رَبِّیْ ذِی النَّوَالِ
بِمَا اَعْطٰی کِتَابَ الرُّشْدِ حَقًّا	۲	لِنَقْرَاءَہٗ بِتَحْقِیْقٍ کَمَالِ
کِتَابٌ ذٰلِکَ لَارَیْبَ فِیْہِ	۳	هُدًی لِلْمُتَّقِیْنَ اِلَی الْمَعَالِی
لَقَدْ یَسَّرْنَا قُرْاٰنًا لِلذِّکْرِ	۴	فَهَلْ مِنْ مُدَّکِرٍ اِرْشَادَ عَالِ
وَصَلَّیْنَا وَسَلَّمْنَا عَلٰی مَنْ	۵	هَدٰی هُدَی الْمَعَارِفِ وَالْکَمَالِ
وَاَصْحَابُ الرَّسُوْلِ هُمْ نُجُوْمٌ	۶	عَلٰی فَلَکِ الْمَعَالِمِ وَالْمَعَالِی
بِاَیِّهِمُ اقْتَدَیْتُمْ اهْتَدَیْتُمْ	۷	هُدَی اللّٰهِ الْکَرِیْمِ ذِی الْجَلَالِ
هُمُ الرُّحَمَاءُ بَیْنَهُمُ الْاَشِدَّاءُ	۸	عَلَی الْکُفَّارِ دِیْنًا ذَا الْقِتَالِ
وَحُبُّ اَهْلِ بَیْتِ الْاِصْطِفَاءِ	۹	یُنَجِّیْکُمْ یَقِیْنًا مِنْ وَبَالِ
عَلَی الْاَصْحَابِ وَالْاَعْقَابِ طُرًّا	۱۰	صَلَاةُ اللّٰهِ بِالْوَجْهِ الْکَمَالِ
اَلَا یَا اَیُّهَا الْخُلَّانُ خَلُّوْا	۱۱	سَبِیْلَ الْاِخْتِلَالِ وَالْخَبَالِ
وَلَا تَلْغُوْا وَلَا تَلْهُوْا بِحِیْنٍ	۱۲	وَقُوْا لِلنَّفْسِ مِنْ ذَوْقِ الْوَبَالِ
وَجِدُّوْا فِی اکْتِسَابِ الْعِلْمِ دِیْنًا	۱۳	کَمَالُ الْمَرْءِ فِیْ کَسْبِ الْکَمَالِ
فَوَیْلٌ ثُمَّ وَیْلٌ ثُمَّ وَیْلٌ	۱۴	لِمَنْ اَلْهَاہُ لَهْوٌ عَنْ مَعَالِ
بِرَوْحِ الرَّوْحِ وَالرَّیْحَانِ طُوْبٰی	۱۵	لِطُلَّابِ الْعُلُوْمِ وَالْکَمَالِ
لَکُمْ یَا مُسْلِمِیْ الْکُرْنُوْلِ بُشْرٰی	۱۶	بِنَیْلٍ لِلْمَنَالِ وَالْاٰمَالِ
اَعَنْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ خَیْرًا	۱۷	لِمَدْرَسَةِ الْعُلُوْمِ وَالْمَعَالِی

تا سید جعفر حسینی بن سید رضا حسینی بن سید اصغر حسینی بن عبد اللہ حسینی بن سید حسن حسینی بن سید تمیمی حسینی بن عباس حسینی بن سید اسمعیل حسینی بن محمد حسینی بن امام ابو محمد اسحاق موتمن بن امام جعفر الصادق رضی اللہ عنہم اجمعین -

نسب مادری

سیدہ بی بی سکینہ عرف احمد النساء بیگم رضی اللہ عنہا بنت سید شاہ پیر حسینی قادری بن سید شاہ محی الدین قادری بن سید شاہ عبد اللطیف جد عرف شاہ میاں صاحب قادری جاگیردار کلکتہ بن سید پیر شاہ محی الدین قادری بن سید شاہ میاں صاحب قادری اول عرف شاہ عبد اللطیف کلاں بن سید شاہ عبد الشہید سبیل النبی بن سید شاہ عبد اللطیف الحموی لاابالی بن سید شاہ طاہر الحموی بن سید شاہ زاہد الحموی بن سید شاہ کمال الدین عارف الحموی بن سید بدر الدین ہاشم الحموی بن سید قطب الدین محمد الحموی بن سید احمد بن سید بدر الدین حسن قادری بن سید ابو الحسن علاء الدین علی بن سید ابو عبد اللہ محی الدین محمد بن

ص سرور ملک علم و فضل و ادب — ل لامع النور چہرہ ایمان

ط طالبان راست مطلب رحمت — ا افسر فوج فضل و فیض نشان

ن تاجدار سنا مظہر الادیب — ا آفتاب معارف قرآن

ح حامی دین و ملت اسلام — م ماحی رسم بدعت و طغیان

د داور دور حکمت و تقریر است — نام سلطان احمد است عیان

بہر تعلیم و تربیت آورد — عالم بے بدل فقیہ زمان

م معدن الفضل مخزن الارشاد — ح حامی دین احمد ذیشان

م منبع الفیض مرجع طلاب — د دانش آموز جملہ پیر و جوان

ع عین آب حیات تعلیمش — م مردہ دل جملہ زندہ گشت ازان

ر رمز عرفان و نکتہ توحید — از تجسم عمر طلب ذیشان

مایہ علم تو بیان چہ کنم — ای ہدایت تو علم و فن تازان

